<u>الیکشن کمیشن آف پاکستان</u>

(شعبہ تعلقات عامہ)

<u>پریس ریلیز</u>

مورخہ10جولائی، 2017

الیکشن کمیشن کے ترجمان ہارون خان شنواری نے آج کراچی کے ضمنی انتخابات کے سلسلے میں پھیلائی جانے والی ان خبروں اور الزامات کی سختی سے تردید کی ہے جو کہ رینجرز کے حوالے سے لگائی گئی ہیں۔رینجرز اور تمام اداروں نے ملکر اس الیکشن کو کامیاب بنایا ہے سب کے ساتھ برابری کا برتاؤر کھا گیا ہے۔کچھ قوتیں جو اس الیکشن کے تمام عمل کو سبوتاژ کرنا چاہتے تھے۔تاکہ یہ الیکشن نہ ہوسکے۔ لیکن الیکشن کمیشن نے رینجرز، پولیس اور باقی تمام اداروں کے تعاون سے ایک شفاف الیکشن نہایت کامیابی سے کرا کے ثابت کر دیا کہ جمہوریت کے استحکام کے لئے پاکستان کے تمام ادارے الیکشن کمیشن کے ساتھ ہیں۔بیان بازی اور الزام تراشی کے ذریعے اس قومی ادارے کی ساکھ کو نقصان نہ پہنچایا جائے۔الیکشن کا جو بھی نتیجہ آئے اس کو قبول کیا جائے۔کیونکہ ہر لحاظ سے یہ ایک شفاف اور کامیاب الیکشن رہا۔اور جو لوگ اس کو ناکام کرنا چاہتے تھے وہ کامیاب نہیں ہوئے۔

الیکشن کمیشن تمام اداروں بشمول رینجرز، پولیس اور دوسرے اداروں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے جنھوں نے آج ایک مشکل الیکشن کو کامیاب کرانے میں الیکشن کمیشن کا بھرپور ساتھ دیا۔

ہارون خان شنواری

ترجمان الیکشن کمیشن آف پاکستان

مورخہ جولائی2017

☆☆☆☆☆☆☆☆